# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: اوّل | مضمون: اردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: واو لین | |

**مقاصد:** واوَلین کے الفاظ پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب، صفحہ نمبر 21۔ لڈو، پاسا (لڈو کھیلنے والا دانہ)



یہ تصویر نمونے کے طور پر دی جا رہی

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔ اب فرش پر مختلف چیزوں "دھوبی، مور، ریچھ، چوہا، جوتا، ڈھول، گھوڑا، حوض، فوجی، پودا، پھول، صوفا،" وغیرہ کی تصاویر پر مبنی لڈو بچھائیں۔
- اب کسی گروہ کے کسی ایک بچے کو بلائیں۔
- اسے پاسا (Dice) دیں اور اس سے کہیں کہ وہ لڈو پر گھما کر پاسا پھینکے۔
- پھر وہ پاسا جس تصویر پر رکے گا، وہ بچہ اس تصویر کا نام بتائے گا اور اس کی مدد سے زبانی ایک جملہ بنائے گا۔
- چیز کا درست نام بتانے اور درست جملہ بنانے پر اس گروہ کو چار نمبر مل جائیں گے۔
- اسی طرح یہ سرگرمی جماعت کے مختلف بچوں سے کروائیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- بچوں کو بورڈ کی مدد سے واوَ کی اقسام کا تعارف کروائیں۔
- اس کے بعد بچوں سے کہیں کہ آج ہم واو کی ایک قسم واولین کے بارے میں پڑھیں گے۔
- بچوں کو بتائیں کہ جیسے اللہ کی بنائی ہوئی ہر مخلوق کی دنیا میں کوئی نہ کوئی جگہ اور خاص کام ہے اسی طرح حروف تہجی میں ہر حرف کی اپنی ایک اہمیت ہے۔
- ہم نے یہ مشاہدہ کیا ہو گا کہ کچھ الفاظ بولنے میں کسی طرح بولے جاتے ہیں جبکہ لکھنے میں وہ دوسری طرح لکھے جاتے ہیں۔
- آج ہم ایسے ہی الفاظ کے بارے میں جانیں گے۔ بچوں کو بتائیں کہ واولین کی آواز عموماً چھوٹی اور قدرے پھیل کر ادا کی جاتی ہے۔
- واولین کی صورت میں واو سے پہلے حرف پر زبر کی علامت ہوتی ہے۔ عام بول چال کے الفاظ مثلاً: او، بو، تو وغیرہ
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 21 کھلوائیں۔
- بچوں کو واولین کے الفاظ پر مشتمل پہلی لائن پڑھنے کے لیے کہیں۔
- درست ادائی کی صورت میں شاباش دیں اور غلطی کی صورت میں خود الفاظ کی ادائی کریں۔
- اسی طرح واولین کے تمام الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد واولین کے چند الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ اور ان الفاظ کی مدد سے بچوں کو جملے بنا کر سنائیں۔
- چند الفاظ کے بچوں سے بھی جملے بنوائیں۔

| |
|---|
| • اس کے بعد بورڈ پر چند واولین کے الفاظ کے توڑ لکھیں۔<br>• بچوں سے کہیں کہ وہ ان حروف کو جوڑ کر لفظ مکمل کریں اور درست جگہ پر زبر کی علامت لگائیں۔<br>• بچوں کے کام کی نگرانی کریں۔ جہاں بچوں کو مشکل پیش آئے ان کی مکمل راہنمائی کریں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ)بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ)بورڈ پر واولین کے چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں کو بلا کر جماعت کے سامنے کھڑا کر کے ان الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ)گھر سے واولین کے مزید الفاظ کاپی پر لکھ کر لانے ہیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: اوّل | مضمون: اردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: واو معروف | |

**مقاصد:** واؤ معروف کے الفاظ پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب، صفحہ نمبر 21۔ چارٹ پیپر کے کارڈ

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کے بچوں کی جوڑیاں بنا دیں اور ہر جوڑی کو چارٹ پیپر کے کارڈ پر لکھا ہوا ایک ایک لفظ (یا تصویر) تفویض کر دیں۔
- بچوں کو تھوڑا وقت دیں تا کہ وہ اس لفظ کو پڑھ لیں اور بعد ازاں اس کارڈ کی پچھلی طرف اس لفظ کے حروف کو الگ الگ کر کے لکھیں۔
- اگر تصویر ہو تو مکمل نام بھی لکھیں۔
- وقت مکمل ہونے کے بعد ہر جوڑی اپنا اپنا لفظ پڑھ کر سنائے۔
- درست کام کرنے والی جوڑی کو انعام دیں اور غلط لکھنے والی جوڑی کی پیار سے اصلاح کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- بچوں کو بورڈ کی مدد سے واؤ کی اقسام اور تعارف دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ آج ہم واو کی ایک دوسری قسم واو معروف کے بارے میں پڑھیں گے۔
- بچوں کو بتائیں کہ کسی بھی لفظ میں تمام حروف کی کوئی نہ کوئی جگہ اور حروف تہجی میں ہر حرف کی اپنی ایک اہمیت ہے۔
- ہم نے یہ مشاہدہ کیا ہو گا کہ کچھ الفاظ بولنے میں کسی طرح بولے جاتے ہیں جبکہ لکھنے میں وہ کسی اور طرح لکھے جاتے ہیں۔
- آج ہم ایسے ہی الفاظ کے بارے میں جانیں گے۔
- بچوں کو بتائیں کہ واو معروف کی صورت میں واو سے پہلے حرف پر پیش کی علامت ہوتی ہے اور اُسے خوب کھل کر پڑھا جاتا ہے۔
  - مثلاً: اُو، بُو، تُھو کی آوازوں کی مشق کروائیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 21 کھلوائیں۔
- بچوں کو واو معروف کے الفاظ پر مشتمل پہلی لائن پڑھنے کے لیے کہیں۔
- درست ادائی کی صورت میں شاباش دیں اور غلطی کی صورت میں خود الفاظ کی ادائی کریں۔
- اسی طرح واو معروف کے تمام الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد واو معروف کے چند الفاظ بورڈ پر لکھیں اور ان الفاظ کی مدد سے بچوں کو جملے بنا کر سنائیں۔
- چند الفاظ کے بچوں سے بھی جملے بنوائیں۔
- اس کے بعد بورڈ پر چند واو معروف کے الفاظ کے توڑ لکھیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ ان حروف کو جوڑ کر لفظ مکمل کریں اور درست جگہ پر پیش کی علامت لگائیں۔

| |
|---|
| • بچوں کے کام کی نگرانی کریں۔ جہاں بچوں کو مشکل پیش آئے ان کی مکمل راہنمائیکریں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر واو معروف کے چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں کو بلا کر جماعت کے سامنے کھڑا کر کے ان الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) گھر سے واو معروف کے مزید الفاظ کاپی پر لکھ کر لانے ہیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: اوّل | مضمون: اردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: واو مجہول | |

**مقاصد:** واؤ مجہول کے الفاظ پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب، صفحہ نمبر 21۔Mystery Bag، چارٹ پیپر کا بنا ہاتھی، حروف پر مبنی پرچیاں، الفاظ کے کارڈ

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کے ساتھ Bingo game کھیلیں۔
- بچوں کے مختلف گروہ بنادیں اور ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی بنائیں۔
- ہر گروہ کو ایک Mystery Bag دیں جس میں چند واو معروف کے الفاظ کے چار چار ٹکڑے ہوں اور ان کے اوپر علامت پیش لکھنے کی جگہ ہو۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ MysteryBag کھولیں اور دیکھیں کہ اس میں کس الفاظ کے ٹکڑے ہیں؟
- بچوں کو الفاظ کے ٹکڑے نکالنے اور ان پر علامت پیش لگانے کے لیے کچھ وقت دیں۔ (اس کے لیے بچوں کو 2 سے 3 منٹ کا وقت دیں)۔
- بچوں کو بتادیں کہ جو بچہ سب سے پہلے یہ کام کرلے وہ bingo کہے۔
- جب سب بچے یہ کام کر لیں تو پھر کسی ایک گروہ کے لیڈر کو بلائیں اور اسے کہیں کہ وہ لفظ بورڈ پر لکھ کر اس کے پہلے حرف پر پیش لگا کر واو معروف کا لفظ مکمل کرے۔
- اسی طرح یہ سرگرمی تمام بچوں سے مکمل کروائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- بچوں کو بورڈ کی مدد سے واؤ کی اقسام اور تعارف دیں۔
- اس کے بعد بچوں سے کہیں کہ آج ہم واو کی تیسری قسم واو مجہول کے بارے میں پڑھیں گے۔
- بچوں کو بتائیں کہ جیسے اللہ کی بنائی ہوئی ہر مخلوق کی دنیا میں کوئی نہ کوئی جگہ اور خاص کام ہے اسی طرح حروف تہجی میں ہر حرف کی اپنی ایک اہمیت ہے۔
- ہم نے یہ مشاہدہ کیا ہو گا کہ کچھ الفاظ بولنے میں کسی طرح بولے جاتے ہیں جبکہ لکھنے میں وہ کسی اور طرح لکھے جاتے ہیں۔
- آج ہم ایسے ہی الفاظ کے بارے میں جانیں گے۔
- بچوں کو بتائیں کہ واو مجہول وہ واو ہے جسے ظاہر کر کے نہیں پڑھا جاتا اور واو مجہول کے پہلے حرف پر کوئی علامت نہیں آتی جیسے: بولو، سوچو، تولو وغیرہ
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 21 کھلوائیں۔






- بچوں کو واو مجہول کے الفاظ پر مشتمل پہلی لائن پڑھنے کے لیے کہیں۔
- درست ادائی کی صورت میں شاباش دیں اور غلطی کی صورت میں خود الفاظ کی ادائی کریں۔
- اسی طرح واو مجہول کے تمام الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- واو مجہول کے چند الفاظ بورڈ پر لکھیں اور ان الفاظ کی مدد سے بچوں کو جملے بنا کر سنائیں۔
- چند الفاظ کے بچوں سے بھی جملے بنوائیں۔
- اس کے بعد بورڈ پر چند واو مجہول کے الفاظ کے توڑ لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ ان حروف کو جوڑ کر لفظ مکمل کریں۔
- بچوں کے کام کی نگرانی کریں۔ جہاں بچوں کو مشکل پیش آئے ان کی مکمل راہنمائی کریں۔
- اب اب بورڈ پر چارٹ پیپر سے بنے ایک ہاتھی کی تصویر چسپاں کر دیں اور اس کے پاس میز پر ایک ٹوکری میں کاغذ کے سیب رکھ دیں، جن پر واو مجہول کے الفاظ لکھے ہوں۔
- بچوں کے چار گروہ بنادیں اور ہر گروہ کو انھی الفاظ سے متعلقہ الفاظ کے حروف کی پرچیاں دے دیں۔
- ہر گروہ کو صرف ایک لفظ کے حروف کی پرچیاں دیں۔ بچوں کو بتائیں کہ ہاتھی کے کھانے کا وقت ہو گیا ہے آئیں ایک ایک کر کے اسے کھانا کھلائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ان کے گروہ کے پاس جس لفظ کے حروف آئیں ہیں ان کے بارے میں ایک دوسرے کو بتائیں اور آپس میں بات چیت کے بعد ان حروف کو جوڑ کر لفظ مکمل کریں۔
- پھر کسی ایک گروہ کے بچے کو حروف سمیت بلائیں۔ اسے کہیں کہ وہ بچوں کو بتائے کہ ان کے پاس کس لفظ کے حروف ہیں اور پھر ٹوکری میں سے اس تصویر سے متعلقہ الفاظ پر مشتمل سیب ڈھونڈ کر اس لفظ کی ادائی کرتے ہوئے ہاتھی کو کھلائے۔
- جو گروہ یہ سرگرمی بہتر طور پر کرے گا، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا اور اسے بہترین طلبہ کے اعزازی کارڈ دیے جائیں گے۔

**اعادہ:** (3منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر واو مجہول کے چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں کو بلا کر جماعت کے سامنے کھڑا کر کے ان الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) گھر سے واو مجہول کے مزید الفاظ کاپی پر لکھ کر لانے ہیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: اوّل | مضمون: اردو |
| ہفتہ: 2 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 4 | سبق کا نام: واو معدولہ | |

**مقاصد:** واؤ معدولہ کے الفاظ پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب، صفحہ نمبر 22۔ چارٹ پیپر کا بنا ہوا خرگوش چسپاں

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ کیا آپ سب خواب دیکھتے ہیں۔ بچوں سے ان کے خوابوں کے بارے میں پوچھیں۔
- بچوں کو تبادلہ خیال کا موقع فراہم کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ جب ہم کوئی اچھا خواب دیکھیں تو ہمیں سبحان اللہ کہنا چاہیے اور اگر ہم کبھی خواب میں ڈر جائیں تو اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھنا چاہیے۔
- بچوں سے پوچھیں کہ کیا آپ کے ساتھ کبھی ایسا ہوا کہ کسی کام کو کر کے آپ بہت خوش ہوئے اور آپ کا دل بھی خوش ہوا اور کسی کام کے کرنے کے بعد یا کسی شرارت کے بعد آپ کو تکلیف ہوئی یا اُداسی ہوئی؟۔
- بچوں کے جوابات سنیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ جیسے اللہ کی بنائی ہوئی ہر مخلوق کی دنیا میں کوئی نہ کوئی جگہ اور خاص کام ہے اسی طرح حروف تہجی میں ہر حرف کی اپنی ایک اہمیت ہے۔
- ہم نے یہ مشاہدہ کیا ہو گا کہ کچھ الفاظ بولنے میں کسی طرح بولے جاتے ہیں جبکہ لکھنے میں وہ کسی اور طرح لکھے جاتے ہیں۔
- آج ہم ایسے ہی الفاظ کے بارے میں جانیں گے۔
- بچوں کو بتائیں گے کہ کبھی کبھی خ کے بعد جو "و" لکھا جاتا ہے وہ پڑھا نہیں جاتا۔ جیسے خواب لکھنے میں "و" لگایا جاتا ہے لیکن بولتے وقت اور پڑھتے وقت ہم خاب پڑھتے ہیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم واؤ معدولہ کے بارے میں پڑھیں گے۔
- اب بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 22 کھلوائیں۔
- اب تختہ تحریر پر دستر خوان کی تصویر بنائیں، بچوں سے اس کا نام پوچھیں اور لکھیں۔
- بچوں سے اس کے نام میں موجود حروف کی آوازیں پوچھیں، پھر اس کا تلفظ پوچھیں۔
- اسی طرح یہ سرگرمی قاعدے کے صفحہ نمبر 22 پر دیے گئے باقی الفاظ پر کروائیں۔ ساتھ ساتھ بچوں کی اصلاح کرتے جائیں۔
- اب بچوں کے 3 گروہ بنا دیں یا ان کی جوڑیاں بنا دیں (یہ تعداد بچوں کی تعداد کے مطابق کم یا زیادہ کر سکتے ہیں)۔
- چارٹ پیپر کی مدد سے ایک شارک مچھلی بنائیں اور اس پر لکھ دیں: "مجھے کھانا کھلائیں"۔ چارٹ پیپر کی 9 مچھلیاں بنائیں۔






- جن پر کتاب کے صفحہ نمبر 22 پر دیے گئے الفاظ لکھ دیں، پھر انھی الفاظ کے حروف مختلف رنگ کی پرچیوں پر لکھ دیں۔
- ایک پرچی پر ایک لفظ کے تمام حروف لکھے ہوئے ہوں۔
- پرچیاں بند کرکے ایک جار میں ڈال دیں اور ہر گروہ سے کہیں کہ وہ جار میں سے کوئی سے بھی تین پرچیاں اٹھالے۔
- بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو پرچپر چیاں آئی ہیں اس پر لکھے ہوئے حروف کو غور سے دیکھیں اور ان کو ملا کر لفظ بنائیں۔
- اس کے لیے انھیں ایک منٹ دیں۔
- تختہ تحریر پر شارک مچھلی چسپاں کر دیں اور اس کے پاس میز پر الفاظ پر بنی مچھلیاں رکھ دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ شارک کو بہت بھوک لگی ہے۔
- آپ میں سے مختلف بچے باری باری یہاں آئیں گے اور شارک کو مچھلی کھلائیں گے لیکن آپ کو مچھلی کھلانے سے پہلے اس پر لکھے ہوئے لفظ کی ادائی کرکے شارک کو بتانا ہو گا کہ آپ اسے کیا کھلا رہے ہیں ورنہ وہ مچھلی نہیں کھائے گی۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے لیڈر کو بلائے اور اس سے کہیں کہ ان کے پاس جس لفظ کے حروف پر مبنی پرچی آئی تھی، اس لفظ پر بنی مچھلی تلاش کرکے اس لفظ کی ادائی کرتے ہوئے مچھلی شارک کو کھلائے۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں یا جوڑیوں سے بھی کروائیں۔
- جس گروہ نے الفاظ کی درست نشان دہی کی ہو گی اور درست تلفظ ادا کیا ہو گا، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر مختلف الفاظ لکھ دیں، پھر مختلف بچوں کو بلا کر ان سے واؤ معدولہ کے گرد دائرہ لگوائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) بچوں سے کہیں کہ جماعت میں کیا گیا کام گھر سے دہرا کر آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: اوّل | مضمون: اردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: یائے لین | |

**مقاصد:** یائے لین کے الفاظ پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب، صفحہ نمبر22۔ الفاظ پر مبنی کارڈ، چارٹ پیپر کی بنی قلفیاں،

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کے چھے گروہ بنادیں اور انھیں واو مجہول کے الفاظ پر بنی کارڈ دے دیں۔ ایک گروہ کے حصے میں دو الفاظ کے کارڈ آئیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جن الفاظ کے کارڈ آئے ہیں، ان کو پڑھیں اور ان کے حروف الگ الگ کریں، اس کے لیے انھیں 30 سیکنڈ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے باری باری ان کو دیے گئے الفاظ پوچھیں اور ان کی خواندگی کروائیں۔
- جس گروہ نے درست حروف الگ کیے ہوں گے، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا اس گروہ کے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)




- بچوں کو بورڈ کی مدد سے یائے (ی، ے) کی اقسام اور تعارف دیں۔
- اس کے بعد بچوں سے کہیں کہ آج ہم یائے (ی، ے) کی ایک قسم یائے لین کے بارے میں پڑھیں گے۔
- ہم نے یہ مشاہدہ کیا ہوگا کہ کچھ الفاظ بولنے میں کسی طرح بولے جاتے ہیں جبکہ لکھنے میں وہ کسی اور طرح لکھے جاتے ہیں۔
- آج ہم ایسے ہی الفاظ کے بارے میں جانیں گے۔
- بچوں کو بتائیں کہ یائے لین وہ یائے ہے جس کے پہلے حرف پر زبر ہو اور آواز کو نرم اور ترچھا کر کے پڑھا جائے عام بول چال کے الفاظ مثلاً: پَے + دا۔ پیدا ۔سَے +ر۔ سیر
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر22 کھلوائیں۔
- بچوں کو یائے لین کے الفاظ پر مشتمل پہلی لائن پڑھنے کے لیے کہیں۔
- درست ادائی کی صورت میں شاباش دیں اور غلطی کی صورت میں خود الفاظ کی ادائی کریں۔
- اسی طرح واو لین کے تمام الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد یائے لین کے چند الفاظ بورڈ پر لکھیں اور ان الفاظ کی مدد سے بچوں کو جملے بنا کر سنائیں۔
- چند الفاظ کے بچوں سے بھی جملے بنوائیں۔

- اس کے بعد بورڈ پر چند یائے لین کے الفاظ کے توڑ لکھیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ ان حروف کو جوڑ کر لفظ مکمل کریں اور درست جگہ پر زبر کی علامت لگائیں۔
- بچوں کے کام کی نگرانی کریں۔ جہاں بچوں کو مشکل پیش آئے ان کی مکمل راہنمائی کریں۔
- اب بچوں کے آٹھ گروہ بنادیں۔ ہر گروہ کو چارٹ پیپر کی بنی ہوئی مختلف رنگوں کی قلفیاں دیں، جن کے اندر الفاظ " بیل، پیدا، پیر، تیراک، خیر، سیر، میل اور غیر وغیرہ لکھے ہوں اور ان الفاظ کے نیچے ان الفاظ کے ارکان لکھنے کی جگہ ہو۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ قلفی کے اندر لکھا ہو الفظ پڑھیں، پھر اس لفظ کے نیچے دی گئی جگہ میں اس کے ارکان الگ الگ کر کے لکھیں۔
- اس کے لیے انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔
- اس دوران میں تختہ تحریر پر دو کالم بنا کر ایک پر الفاظ اور ارکان کی سرخی لکھیں۔
- الفاظ والے کالم میں الفاظ " بیل، پیدا، پیر، تیراک، خیر، سیر، میل اور غیر " لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی لفظ بولیں۔ جس گروہ کے پاس اس لفظ پر مبنی قلفی ہو گی، اس گروہ کا کوئی بچہ آئے گا۔
- اس لفظ کی ادائی کرے گا اور تختہ تحریر پر اس لفظ کے آگے ارکان والے کالم میں اس کے ارکان الگ الگ کر کے لکھے گا۔
- اسی طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ آخر میں جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہو گی، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

**اعادہ:**(3منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر یائے لین کے چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں کو بلا کر جماعت کے سامنے کھڑا کر کے ان الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) گھر سے یائے لین کے مزید الفاظ کاپی پر لکھ کر لانے ہیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: اوّل | مضمون: اردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: یائے معروف | |

**مقاصد:** یائے معروف کے الفاظ پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب، صفحہ نمبر 22۔ گتے کا ڈبا، الفاظ پر مبنی پرچیاں




## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- اب بچوں کے ساتھ بنگو گیم کھیلیں۔
- ایک گتے کا ڈبا لیں اور اس کے ارد گرد کوئی رنگ دار کاغذ چڑھا لیں۔
- اس ڈبے پر لکھ دیں: آئیں پڑھیں۔
- اس ڈبے میں کتاب کے صفحہ نمبر 22 پر دیے گئے یائے لین کے الفاظ اور چند بنگو الفاظ پر مبنی پرچیاں ڈال دیں۔
- ایک پرچی پر ایک لفظ لکھا ہو۔ اس کے علاوہ کچھ پرچیوں پر لفظ بنگو لکھ کر وہ بھی اس ڈبے میں ڈال دیں۔
- بچوں کی دو ٹیمیں بنا دیں۔ کسی ایک ٹیم کے بچے کو بلائیں اور اس سے کہیں کہ وہ ڈبے میں سے کوئی پرچی نکالے۔
- وہ بچہ پرچی نکال کر اس پر لکھا ہوا لفظ پڑھے گا اور دوسری ٹیم اس میں موجود حروف کی تعداد اور ان کی آوازیں بتائے گی۔
- دونوں ٹیموں کو درست جواب دینے پر دو دو نمبر مل جائیں گے۔
- پہلی ٹیم کا بچہ پھر نئی پرچی نکالے گا، اگر اس دوران میں لفظ بنگو کی پرچی نکل آئے گی تو باری دوسری ٹیم کو مل جائے گی۔
- آخر میں جس ٹیم کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گی۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- بچوں کو بورڈ کی مدد سے یائے (ی ے) کی اقسام اور تعارف دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ آج ہم یائے (ی ے) کی ایک دوسری قسم یائے معروف کے بارے میں پڑھیں گے۔
- بچوں کو بتائیں کہ کسی بھی لفظ میں تمام حروف کی کوئی نہ کوئی جگہ اور حروف تہجی میں ہر حرف کی اپنی ایک اہمیت ہے۔
- ہم نے یہ مشاہدہ کیا ہو گا کہ کچھ الفاظ بولنے میں کسی طرح بولے جاتے ہیں جبکہ لکھنے میں وہ کسی اور طرح لکھے جاتے ہیں۔
- آج ہم ایسے ہی الفاظ کے بارے میں جانیں گے۔
- بچوں کو بتائیں کہ یائے معروف وہ "ی" ہے جس کے پہلے حرف کے نیچے زیر ہو اور جسے خوب ظاہر کر کے پڑھا جائے۔
- جب یائے معروف کسی لفظ کے درمیان میں آئے تو اس سے پہلے حرف کے نیچے زیر ہوتی ہے۔ مثلاً: عِی، تِی۔ شِی وغیرہ
- بچوں کو ان کی آوازوں کی مشق کروائیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 22 کھلوائیں۔
- بچوں کو یائے معروف کے الفاظ پر مشتمل پہلی لائن پڑھنے کے لیے کہیں۔

- درست ادائی کی صورت میں شاباش دیں اور غلطی کی صورت میں خود الفاظ کی ادائی کریں۔
- اسی طرح یائے معروف کے تمام الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد یائے معروف کے چند الفاظ بورڈ پر لکھیں اور ان الفاظ کی مدد سے بچوں کو جملے بنا کر سنائیں۔
- چند الفاظ کے بچوں سے بھی جملے بنوائیں۔
- اس کے بعد بورڈ پر چند یائے معروف کے الفاظ کے توڑ لکھیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ ان حروف کو جوڑ کر لفظ مکمل کریں اور درست جگہ پر زیر کی علامت لگائیں۔
- بچوں کے کام کی نگرانی کریں۔ جہاں بچوں کو مشکل پیش آئے ان کی مکمل راہ نمائی کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصر اً سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر یائے معروف کے چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں کو بلا کر جماعت کے سامنے کھڑا کر کے ان الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) گھر سے یائے معروف کے مزید الفاظ کاپی پر لکھ کر لانے ہیں۔